New York State
EDUCATION DEPARTMENT
Knowledge > Skill > Opportunity

# حقائق برائے والدین

## ہر ایک طالب علم کامیاب ہو ایکٹ احتساب اور نیو یارک کے اسکول: نئی اسکول ریٹنگز کی تفہیم

K-12 پبلک ایجوکیشن کے بنیادی قانون ' ہر ایک طالب علم کامیاب ہو' یا *ESSA* کا مقصد ہر بچّے کے لیے معیاری تعلیم کو یقینی بنانا ہے۔ اس قانون کا تقاضا ہے کہ ریاست طلباء کی پیشرفت سے متعلق پبلک اسکولوں کا محاسبہ کرے۔ ' ہر ایک طالب علم کامیاب ہو' ایکٹ، ریاستوں کو لچک فراہم کرتا ہے - ان کا احتساب کا نظام ٹیسٹ کے نتائج کے علاوہ بھی کئی دیگر عوامل کا جائزہ لیتا ہے۔

' ہر ایک طالب علم کامیاب ہو' ایکٹ، تعلیمی مساوات کو فروغ دیتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ طلباء اسکول میں کامیابی اور ترقّی حاصل کریں، اس بات سے قطع نظر کہ وہ کون ہیں؟ کہاں رہتے ہیں؟ اور کس اسکول میں جاتے ہیں؟ احتساب کا نظام اس بارے میں ایماندارانہ بات چیت کا آغاز کرنے کے ذریعے کہ اسکول کون سا بہتر کام کر رہے ہیں اور انھیں بہتر بنانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے، اس مقصد کو ممکن بناتا ہے۔ احتساب کا نظام اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسکولوں سے سیکھنے کے مواقع فراہم کرتا ہے اور جن اضلاع اور اسکولوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہو انھیں فنڈز اور وسائل فراہم کرتا ہے۔

### احتساب کا نیا نظام

نیو یارک اسٹیٹ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ (NYSED) نے اسکول کی کارکرگی کا اندازہ لگانے کے لیے نئے اشاریے مرتّب کیے ہیں۔ NYSED نے ریاست بھر سے ہزاروں لوگوں، والدین، اساتذہ اور ماہرین کی مدد سے یہ اشاریے تیار کیے ہیں۔ نئے اشاریے صرف انگریزی زبان آرٹس اور ریاضی میں کامیابیوں کو ماپنے تک محدود نہیں ہیں۔ وہ دیگر بنیادی مضامین جیسے سائنس اورمعاشرتی علوم کو بھی شامل کرتے ہیں اور طالب علم کی پیشرفت



اور اسکول کی ترقّی پر کہیں زیادہ توجّہ مرکوز کرتے ہیں۔ جائزے ابھی بھی ایک اہم حصّہ ہیں لیکن نیا احتسابی نظام کسی اسکول کی کارکردگی کا مکمل جائزہ ممکن بناتا ہے۔ نئے نظام میں اسکول کی کارکردگی کے غیر نصابی اقدامات بھی شامل ہیں۔

نئے اشاریوں میں طالب علم کی تعلیمی کامیابی، طالب علم کی پیشرفت اور اسکول کی ترقّی، انگریزی زبان سیکھنے والوں کی ترقّی، غیر حاضر رہنے کی عادت اور ہائی اسکولوں کے لیے گریجویشن کی شرح اور طالب علموں کو کالج، کیریئر اور شہری ذمہ داریوں کے لیے تیار کرنا شامل ہیں۔

ہر اسکول ان میں سے ہر اشاریے کے لیے *"1"* سے *"4"* تک نمبر حاصل کرتا ہے۔ ایک سب سے کم جبکہ چار سب سے زیادہ اسکور ہے۔ اسکولوں کو تمام طلباء اور طلباء کے ذیلی گروپوں مثلاً نسلی اور قومی گروپوں کے ارکان، کم آمدنی والے طلباء، معذور طلباء اور انگریزی زبان سیکھنے والے طلباء کے لیے نمبر دیے جاتے ہیں۔

## اسکولوں کی درجہ بندی کیسے کی جاتی ہے

احتساب کا نظام اسکولوں کی درجہ بندی ان تین زمروں میں سے ایک میں کرتا ہے: بہترین حالت، خاطر خواہ سپورٹ اور بہتری والا اسکول (CSI) یا وہ اسکول جسے سپورٹ اور بہتری کی شدید ضرورت (TSI) ہے۔ خاطر خواہ سپورٹ اور بہتری والا اسکول اور وہ اسکول جسے سپورٹ اور بہتری کی شدید ضرورت ہے ، CSI اور TSI دونوں قسم کے اسکول اضافی سپورٹ کے اہل ہوتے ہیں۔

کسی اسکول کو اس وقت خاطر خواہ سپورٹ اور بہتری والے اسکول کے طور پر شناخت کیا جا سکتا ہے جب نئے مجموعی اشاریوں کے لحاظ سے اسکول کی کارکردگی درجہ *"1"* کی ہو یا ہائی اسکول ہونے کی صورت میں تمام طلباء گروپوں کے لیے گریجویشن کی شرح 67 فیصد سے کم ہو۔ *2018-19* سے نیو یارک ہر تین سال بعد ریاست بھر کے تمام اسکولوں سے کم از کم 5 فیصد اسکولوں کو بطور خاطر خواہ بہتری والا اسکول شناخت کرے گا۔

کسی اسکول کو ایک ایسے اسکول کے طور پر جسے سپورٹ اور بہتری کی شدید ضرورت ہےاس وقت شناخت کیا جا سکتا ہے جب نئے مجموعی اشاریوں کے لحاظ سے ایک یا ایک سے زائد طلباء کے ذیلی گروپوں کی کارکردگی درجہ *"1"* کی ہو۔ اگر کوئی اسکول بہترین کے درجے میں ہو تو اسے کم از کم دو سال کی ادنی

کارکردگی کے بعد سپورٹ اور بہتری کی شدید ضرورت والے اسکول میں شامل کیا جائے گا۔

## درجہ بندی کیسے کام کرتی ہے

اس درجہ بندی نظام کا مقصد مساوات کا حصول ہے۔ نیویارک اسٹیٹ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ اور اسکول ڈسٹرکٹ، ایسے اسکولوں کی نشاندہی کے ذریعے جنھیں سب سے زیادہ توجہ کی ضرورت ہے، ان اسکولوں کو وسائل فراہم کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کے اسکول کی نشاندہی بطور **خاطر خواہ سپورٹ اور بہتری والے اسکول** (CSI) کے کی گئی ہے تو بہت سے اقدامات کیے جائیں گے:

- آپ کا اسکول اس بات کے تعیّن کے لیے ایک جائزہ منعقد کرے گا کہ کون سی چیزیں بہتر طور پر کام کر رہی ہیں اور کون سی نہیں۔ والدین اور کمیونٹی کے ارکان کو اس جائزے میں شرکت کرنے کا موقع ملے گا۔ اس کے بعد آپ کا اسکول، اسکول کی بہتری کا منصوبہ تیار کرے گا۔
- ڈسٹرکٹ اور ریاست کی منظوری کے بعد، بہتری کے منصوبے پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ اس میں اسکول بھر کی بہتری کے لیے کم از کم ایک حکمتِ عملی شامل ہو گی۔ اس میں فنڈز کے خرچ میں تبدیلی یا طلباء کی سماجی اور جذباتی صحت کے لیے اسکول رومز کو مضبوط بنانا شامل ہو سکتے ہیں۔ اساتذہ اور عملہ، پیشہ ورانہ ترقّی میں حصّہ لیں گے اور آپ کا اسکول بہتری کی حکمتِ عملی میں معاونت کے لیے فنڈز کا اہل ہو گا۔
- آپ کا اسکول اس بات کو یقینی بنائے گا کہ والدین اور طلباء کو یہ موقع حاصل ہو کہ وہ اس بات کا فیصلے کرنے میں معاونت کر سکیں کہ اسکول کے کچھ مخصوص فنڈز کیسے خرچ کیے جائیں یا طلباء اور والدین کی خواہش کے مطابق دیگر سرگرمیوں پر صرف کیے جائیں۔
- اگر آپ کے اسکول میں بہتری نہیں آتی ہے، تو اضافی اقدامات کی ضرورت ہو گی اور اگر اس کے باوجود ادنی کارکردگی برقرار رہے تو اسکول کو ریسیور شپ میں رکھا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کے بچے کے اسکول کی نشاندہی بطور **سپورٹ اور بہتری کی شدید ضرورت والے اسکول** (TSI)کے کی گئی ہے تو بہت سے اقدامات کیے جائیں گے:

- آپ کا اسکول اس بات کے تعیّن کے لیے ایک جائزہ منعقد کرے گا کہ کون سی چیزیں بہتر طور پر کام کر رہی ہیں اور کون سی نہیں۔ والدین اور

کمیونٹی کے ارکان کو اس جائزے میں شرکت کرنے کا موقع ملے گا۔ اس کے بعد آپ کا اسکول، اسکول کی بہتری کا منصوبہ تیار کرے گا۔

- ڈسٹرکٹ کی منظوری کے بعد، بہتری کے منصوبے پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ اس میں اسکول بھر کی بہتری کے لیے کم از کم ایک حکمتِ عملی شامل ہو گی۔ آپ کے اسکول کو ڈسٹرکٹ کی طرف سے اضافی تکنیکی معاونت حاصل ہو گی۔
- آپ کا اسکول ہر سال والدین، اساتذہ اور طلباء کا سروے کرے گا۔
- اگر کئی سال بعد بھی آپ کے اسکول میں بہتری نہیں آتی ہے تو آپ کے اسکول کو خاطر خواہ سپورٹ اور بہتری والے اسکول کے درجے میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

آپ کے تعاون کا شکریہ کیونکہ آپ کا اسکول، ڈسٹرکٹ اور ریاست تمام طلباء کے لیے بہترین تعلیم کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس طرح ایک مضبوط اسکول بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں، برائے مہربانی اپنے اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔